مَنْ لَّا تَضُرُّهُ الذُّنُوْبُ وَلَا تَنْقُصُهُ الْمَغْفِرَةُ

وہ کہ نہیں نقصان پہنچاتے اُسے گناہ اور نہیں کمی کرتی اس کے یہاں مغفرت

هَبْ لِیْ مَا لَا یَنْقُصُكَ وَاغْفِرْ لِیْ

دے مجھے وہ چیز کہ نہیں کمی کرتی تیرے یہاں کی اور معاف کر دے مجھے

مَا لَا یَضُرُّكَ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اَسْأَلُكَ

وہ چیز کہ نہیں نقصان پہنچاتی مجھے کیونکہ تو ہی دینے والا ہے مانگتا ہوں میں تجھ سے

فَرَجًا قَرِیْبًا وَّصَبْرًا جَمِیْلًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا

کشائش فوری اور صبر جمیل اور رزق واسع

وَالْعَافِيَةَ مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَاَسْاَلُكَ تَمَامَ
اور امن جملہ بلاؤں سے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے پورا
الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ دَوَامَ الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ
امن اور مانگتا ہوں میں تجھ سے بقا امن کی اور مانگتا ہوں میں تجھ سے
الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَاَسْاَلُكَ الْغِنٰى عَنِ
شکر امن پر اور مانگتا ہوں میں تجھ سے سیر چشمی
النَّاسِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
آدمیوں سے اور نہیں پھرنا گناہوں سے اور نہ قوت عبادت کی مگر ساتھ اللہ برتر
الْعَظِيْمِ ۞ الحزب الاعظم للقاری اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ عِبَادِكَ
و بزرگ کے یا اللہ کر لے ہمیں اپنے
الْمُنْتَخَبِيْنَ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَفْدِ الْمُتَقَبَّلِيْنَ
منتخب بندوں میں سے جن کے چہرے اور اعضاء روشن ہوں گے جو مقبول مہمان ہوں گے

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایسا نفس جو تجھ پر اطمینان رکھے

تُؤْمِنُ بِلِقَآئِكَ وَتَرْضٰى بِقَضَآئِكَ وَ

جو تیرے ملنے کا یقین رکھے اور تیرے حکم پر راضی رہے اور

عن ابی الدرداءؓ وعلیؓ

تَقْنَعُ بِعَطَآئِكَ ۞ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِىْ مِمَّنْ

تیرے عطیہ پر قناعت رکھے　　یا اللہ کر دے مجھے اُن لوگوں میں سے کہ انہوں نے

تَوَكَّلَ عَلَيْكَ فَكَفَيْتَهٗ وَاسْتَهْدٰكَ فَهَدَيْتَهٗ

توکل کیا تجھ پر پس تو کافی ہو گیا انہیں اور انہوں نے ہدایت مانگی تجھ سے پس تو نے ہدایت کر دی انہیں

کنز العمال۔ عن انسؓ

وَاسْتَنْصَرَكَ فَنَصَرْتَهٗ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ

اور انہوں نے مدد چاہی تجھ سے پس تو نے مدد دی انہیں　　یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

تَمَامَ النِّعْمَةِ فِى الْاَشْيَآءِ كُلِّهَا وَالشُّكْرَ لَكَ

نعمت کا پورا ہونا جملہ چیزوں میں اور تیرا شکر

عَلَيْهَا حَتّٰى تَرْضٰى وَبَعْدَ الرِّضٰى الْخِيَرَةَ

ان پر یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے اور بعد راضی ہو جانے کے میرے

فِیْ جَمِیْعِ مَا یَكُوْنُ فِیْهِ الْخِیَرَةُ وَ

لئے انتخاب کر تمام ایسی چیزوں میں انتخاب ہوتا ہے اور

لِجَمِیْعِ مَیْسُوْرِ الْاُمُوْرِ كُلِّهَا لَا

انتخاب سب ہی اچھے کاموں کا نہ

بِمَعْسُوْرِهَا یَا كَرِیْمُ ۞ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا

کنز العمال عن سعدؓ

برے کاموں کا اے کریم یا اللہ توفیق دے مجھے اس چیز کی جسے

تُحِبُّ وَتَرْضٰی مِنَ الْقَوْلِ وَالْعَمَلِ وَالْفِعْلِ

تو اچھا سمجھے اور پسند کرے قول ہو وہ یا عمل یا فعل

وَالنِّیَّةِ وَالْهُدٰی اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

کنز العمال عن ابن عمرؓ

با نیت با طریق بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری مکار دوست سے کہ

عَيْنَاهُ تَرَيَانِیْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی

آنکھیں تو اس کی مجھے دیکھتی ہوں اور دل اس کا مجھے چرے لیتا ہو اگر دیکھے

حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰی سَيِّئَةً اَذَاعَهَا

بھلائی تو دبا دے اور اگر دیکھے برائی تو فاش کرے اُسے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُؤْسِ وَالتَّبَاؤُسِ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری شدت فقر سے اور بہت محتاجی سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اِبْلِيْسَ وَجُنُوْدِهٖ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری شیطان سے اور اس کے لشکروں سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ النِّسَاءِ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری عورتوں کے فتنہ سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ تَصُدَّ عَنِّیْ

یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے کہ منہ پھیرے تو مجھ سے

وَجْهَكَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ٭ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ

قیامت کے دن یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ كُلِّ عَمَلٍ یُّخْزِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

ہر اُس عمل سے کہ رُسوا کر دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر

كُلِّ صَاحِبٍ یُّؤْذِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

اس ساتھی سے کہ تکلیف دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر

كُلِّ اَمَلٍ یُّلْهِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ فَقْرٍ

ایسے منصوبہ سے کہ غافل کر دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر ایسے فقر سے کہ

یُّنْسِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ غِنًی یُّطْغِیْنِیْ

بھول میں ڈال دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں تیری ہر اس مالداری سے کہ دماغ چلا دے میرا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْهَمِّ وَ
یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری فکر کی موت سے اور
اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ الْغَمِّ ۝ کنز العمال وغیرہ
پناہ چاہتا ہوں تیری غم کی موت سے
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
اے اللہ محمد صلی علیہ وسلم او ر آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر
بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِكَ ۝ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا كَذَالِكَ ۝
اپنی معلومات کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور اسی طرح سلامتی نازل فرما
اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَةَ وَالْفَضِیْلَةَ
اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وسیلہ اور فضیلت
وَالشَّرَفَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِیْعَةَ ۝
اور شرف اور بلند مرتبہ عطا فرما۔

اَللّٰھُمَّ آمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ وَّلَمْ أَرَهُ فَلَا

اے اللہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بن دیکھے ایمان لایا ہوں لہذا

تَحْرِمْنِیْ فِی الْجِنَانِ رُؤْیَتَهٗ ○ وَارْزُقْنِیْ

تو جنت میں مجھے انکے دیدار سے محروم نہ فرمانا اور مجھے

مَحَبَّتَهٗ ○ وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِهٖ ○ وَاسْقِنِیْ

انکی محبت نصیب فرما ۔ اور مجھے انکے دین پر موت عطا فرما ۔اور مجھے

مِنْ حَوْضِهٖ ○ شَرَابًا مَّرِیْئًا سَائِغًا هَنِیْئًا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض سے خوش کن خوش گوار حلق میں بسہولت اترنے والا شراب پلا

لَّا نَظْمَأُ فِیْهِ بَعْدَهَا أَبَدًا ○ إِنَّكَ عَلٰی

کہ جس کے بعد ہم کبھی پیاسے نہ رہیں بے شک

كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

تو ہر چیز پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ
اے اللہ محمد صلی پر رحمت نازل فرما
كُلِّ دَاءٍ وَّدَوَاءٍ ۝ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝
بیماری اور دواء کی تعداد کے بقدر۔ اور برکت اور سلامتی نازل فرما۔

شروع اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان نہایت رحم والے ہیں۔

نَحْمَدُكَ يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ وَاَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ عَلٰى

اے ان سب سے بہتر جن سے امید قائم کی جاسکتی ہے اور اے ان سب سے کریم تر جن سے

مَا عَلَّمْتَنَا مِنْ دُعَاءِ حُضُوْرِ الْقَلْبِ وَالْمُنَاجَاةِ

کچھ طلب کیا جاسکتا ہے ہم تیری حمد کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں دعا حضور قلب اور مناجات مقبول

الْمَقْبُوْلِ مِنْ قُرُبَاتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ

سکھائی جو اللہ کے ہاں موجب قربت ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں سکھائیں۔ تو

الرَّسُوْلِ فَصَلِّ عَلَيْهِ مَا اخْتَلَفَ الدَّبُوْرُ

(یااللہ) اُن (رسول) پر رحمت کامل نازل فرما جب تک کہ پچھوا اور

وَالْقَبُوْلُ وَانْشَعَبَتِ الْفُرُوْعُ مِنَ الْاُصُوْلِ ثُمَّ

پُروا ہوائیں چلتی رہیں، اور جڑوں سے شاخیں پھوٹتی رہیں۔اس کے بعد

نَسْئَلُكَ بِمَا سَنَقُوْلُ وَمِنَّا السُّؤَالُ وَمِنْكَ الْقَبُوْلُ

ہم تجھ سے وہ طلب کرتے ہیں، جو ابھی (آگے) عرض کرتے ہیں۔ ہمارا کام طلب کرنا ہے اور تیرا کام عطا کرنا ہے۔

يَاذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ ● يَاذَا الرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ

اے بڑے بڑے انعامات والے اے وسیع رحمت والے

يَاذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ ● يَاذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ

اے بلیغ حکمت والے اے کامل قدرت والے

يَاذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ ● يَا ذَا الْكَرَامَةِ الظَّاهِرَةِ	
اے قطعی دلیل والے	اے ظاہری کرامت والے
يَاذَا الصِّفَةِ الْعَالِيَةِ ● يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ	
اے اونچی صفت والے	اے دائمی عزت والے
يَاذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَةِ ● يَاذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ	
اے مضبوط قوت والے	اے قدیم احسان والے
يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ ● يَا عَظِيمَ الْمَنِّ ●	
اے بہترین درگزر کرنے والے	اے بڑے احسان والے
يَا كَثِيرَ الْخَيْرِ ● يَا قَدِيمَ الْفَضْلِ ●	
اے بہت خیر والے	اے ہمیشہ فضل کرنے والے
يَا لَطِيفَ الصُّنْعِ ● يَا دَائِمَ اللُّطْفِ ●	
اے باریک کاری گری والے	اے ہمیشہ مہربان ہونے والے

يَا نَافِسَ الْكَرْبِ ● يَا كَاشِفَ الضُّرِّ ●	
اے غم دور کرنے والے	اے تکلیف ہٹانے والے
يَا مَالِكَ الْمُلْكِ ● يَا قَاضِيًا بِالْحَقِّ ●	
اے سلطنت کے مالک	اے حق کے ساتھ فیصلہ کرنے والے
يَا عَزِيزًا لَا يُضَامُ ● يَا لَطِيفًا لَا يُرَامُ ●	
اے غالب جسے مجبور نہیں کیا جاسکتا	اے باریک ولطیف جسے پایا نہیں جاسکتا
يَا رَقِيبًا لَا يَنَامُ ● يَا قَائِمًا لَا يَفُوتُ ●	
اے نگہبان جو سوتا نہیں	اے قائم جو فوت نہیں ہوتا
يَا حَيًّا لَا يَمُوتُ ● يَا مَلِكًا لَا يَزُولُ ●	
اے زندہ جو مرتا نہیں	اے دائمی بادشاہ
يَا بَاقِيًا لَا يَفْنٰى ● يَا عَالِمًا لَا يَجْهَلُ ●	
اے باقی رہنے والے جو فنا نہیں ہوتا	اے جاننے والے جو ناواقف نہیں

يَا صَمَدًا لَا يُطْعَمُ ۞ يَا قَوِيًّا لَا يُضْعَفُ ۞	
اے بے نیاز جس کو کھلایا نہیں جاتا	اے طاقتور جسے کمزور نہیں کیا جاسکتا
يَا نُوْرَ النُّوْرِ ۞ يَا مُنَوِّرَ النُّوْرِ ۞	
اے نور کے نور	اے نور کو منور کرنے والے
يَا مُصَوِّرَ النُّوْرِ ۞ يَا خَالِقَ النُّوْرِ ۞	
اے نور کی تصویر بنانے والے	اے نور کے پیدا کرنے والے
يَا مُقَدِّرَ النُّوْرِ ۞ يَا مُدَبِّرَ النُّوْرِ ۞	
اے نور کی تقدیر کرنے والے	اے نور کی تدبیر کرنے والے
يَا نُوْرًا قَبْلَ كُلِّ نُوْرٍ ۞ يَا نُوْرًا بَعْدَ كُلِّ نُوْرٍ	
اے ہر نور سے پہلے نور	اے ہر نور کے بعد نور
يَا نُوْرًا فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ ۞ يَا نُوْرًا لَيْسَ مِثْلَهُ نُوْرٌ	
اے ہر نور کے اوپر نور	اے نور جس کی مثل کوئی نور نہیں

يَا نِعْمَ الْحَبِيْبُ ۞ يَا نِعْمَ الطَّبِيْبُ ۞

اے بہترین دوست — اے بہترین طبیب

يَا نِعْمَ الْحَسِيْبُ ۞ يَا نِعْمَ الْقَرِيْبُ ۞

اے بہترین حساب لینے والے — اے اچھے قریبی

يَا نِعْمَ الرَّقِيْبُ ۞ يَا نِعْمَ الْمُجِيْبُ ۞

اے اچھے نگہبان — اے بہترین جواب دینے والے

يَا نِعْمَ الْاَنِيْسُ ۞ يَا نِعْمَ الْوَكِيْلُ ۞

اے اچھے ساتھی — اے بہترین کارساز

يَا نِعْمَ الْمَوْلٰى ۞ يَا نِعْمَ النَّصِيْرُ ۞

اے بہترین مولی — اے بہترین مددگار

يَا مَنْ يُّقَلِّبُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۞ يَا مَنْ خَلَقَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ

اے وہ ذات جو رات اور دن کو پلٹتا ہے — اے وہ ذات جس نے تاریکیاں اور روشنی پیدا کی

يَامَنْ جَعَلَ الظِّلَّ وَالْحَرُورَ ● يَامَنْ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
اے وہ ذات جس نے سایہ اور لو بنائی　　اے وہ ذات جس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا
يَامَنْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ ● يَامَنْ لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ
اے وہ ذات جس نے زندگی اور موت پیدا کی　　اے وہ ذات جس کے لئے حکم کرنا اور امر کرنا ہے
يَامَنْ لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ● يَامَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ
اے وہ ذات جس نے نہ کوئی بیوی پکڑی اور نہ اولاد　　اے وہ ذات جس کیلئے بادشاہت میں کوئی شریک نہیں
يَامَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ ● يَامَنْ لَهُ الْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ
اے وہ ذات کہ اس پر کبھی ذلت ہی نہیں کہ مددگار چاہے　اے وہ ذات جس کے لئے طاقت اور قوت ہے
يَاذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ ● يَاذَا الْقَوْلِ السَّدِيْدِ
اے بزرگ عرش والے　　اے درست قول والے
يَاذَا الْفَضْلِ الرَّشِيْدِ ● يَاذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ
اے عمدہ فضل والے　　اے سخت پکڑ والے

يَا ذَا الْوَعْدِ وَالْوَعِيدِ ● يَا قَرِيبًا غَيْرَ بَعِيدٍ
اے وعدہ (خوشخبری) اور وعید (ڈانٹ) والے اے بغیر دوری کے نزدیک
يَا مَنْ هُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيدُ ● يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ
اے وہ ذات جو دوست اور قابل تعریف ہے اے وہ ذات جو ہر چیز پر (حاضر) گواہ ہے
يَا مَنْ هُوَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ● يَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ
اے وہ ذات جو اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا اے وہ ذات جو بندوں کی شہ رگ سے زیادہ قریب ہے
يَا مَنْ لَا شَرِيكَ لَهُ وَلَا وَزِيرَ ● يَا مَنْ لَا شَبِيهَ لَهُ وَلَا نَظِيرَ
اے وہ ذات جس کا نہ کوئی شریک ہے اور نہ کوئی وزیر اے وہ ذات جس کا نہ کوئی مشابہ ہے اور نہ کوئی مثل
يَا خَالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيرِ ● يَا مُغْنِيَ الْبَائِسِ الْفَقِيرِ
اے سورج اور روشن چاند کو پیدا کرنے والے اے ناتواں محتاج فقیر کو مالدار بنانے والے
يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيرِ ● يَا رَاحِمَ الشَّيْخِ الْكَبِيرِ
اے چھوٹے بچے کو روزی دینے والے اے بوڑھے شیخ پر رحم کرنے والے

يَا عِصْمَةَ الْخَائِفِ الْمُسْتَجِيرِ ● يَا مَنْ هُوَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرٌ

اے خوفزدہ پناہ طلب کرنے والے کو پناہ دینے والے (بچانے والے) اے وہ ذات جو اپنے بندوں کو دیکھتا ہے

يَا مَنْ هُوَ بِحَوَائِجِ الْعِبَادِ خَبِيْرٌ ● يَا مَنْ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اے وہ ذات جو بندوں کی ضروریات سے واقف ہے اے وہ ذات جو ہر چیز پر قادر ہے

يَا ذَا الْجُوْدِ وَالنِّعَمِ ● يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْكَرَمِ

اے سخاوت اور انعامات والے اے فضل و کرم والے

يَا ذَا الْبَأْسِ وَالنِّقَمِ ● يَا خَالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

اے قوت اور انتقام والے اے لوح و قلم کے پیدا کرنے والے

يَا بَارِئَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ ● يَا مُلْهِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ

اے چھوٹی چونٹی (جسم) اور روح (سانس) پیدا کرنے والے اے عرب اور عجم کو الہام کرنے والے

يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ ● يَا عَالِمَ السِّرِّ وَالْهِمَمِ

اے تکلیف اور دکھ کو دور کرنے والے اے راز اور قصے کو جاننے والے

يَامَنْ لَهُ الْبَيْتُ وَالْحَرَمُ ● يَامَنْ يَخْلُقُ الْاَشْيَآءَ مِنَ الْعَدَمِ
اے وہ ذات جس کے لئے بیت اللہ اور حرم ہے اے وہ ذات جو اشیاء کو عدم سے پیدا کرتا ہے
اِلٰهِيْ اَنْتَ رَبِّيْ وَاَنَا الْعَبْدُ ● وَاَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ
الٰہی تو میرا رب ہے اور میں بندہ ہوں اور تو خالق ہے اور میں مخلوق ہوں
وَاَنْتَ الرَّزَّاقُ وَاَنَا الْمَرْزُوْقُ ● وَاَنْتَ الْمَالِكُ وَاَنَا الْمَمْلُوْكُ
اور تو رازق ہے اور میں رزق دیا ہوا ہوں تو مالک ہے اور میں مملوک ہوں
وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ وَاَنَا الذَّلِيْلُ ● وَاَنْتَ الْغَنِيُّ وَاَنَا الْفَقِيْرُ
تو عزیز ہے اور میں ذلیل ہوں تو غنی ہے اور میں فقیر
وَاَنْتَ الْحَيُّ وَاَنَا الْمَيِّتُ ● وَاَنْتَ الْبَاقِيْ وَاَنَا الْفَانِيْ
تو زندہ ہے اور میں مردہ تو باقی ہے اور میں فانی
وَاَنْتَ الْكَرِيْمُ وَاَنَا اللَّئِيْمُ ● وَاَنْتَ الْمُحْسِنُ وَاَنَا الْمُسِيْءُ
تو شریف ہے اور میں کمینہ تو محسن ہے اور میں بدکار

وَاَنْتَ الْغَفُوْرُ وَاَنَا الْمُذْنِبُ ● وَاَنْتَ الْعَظِيْمُ وَاَنَا الْحَقِيْرُ
تو معاف کرنے والا ہے اور میں گنہگار تو عظیم ہے اور میں حقیر
وَاَنْتَ الْقَوِیُّ وَاَنَا الضَّعِيْفُ ● وَاَنْتَ الْمُعْطِیْ وَاَنَا السَّائِلُ
تو طاقتور ہے اور میں کمزور تو دینے والا ہے اور میں سائل
وَاَنْتَ الْاَمِيْنُ وَاَنَا الْخَائِفُ ● وَاَنْتَ الْجَوَادُ وَاَنَا الْمِسْكِيْنُ
تو امین ہے اور میں خوفزدہ تو سخی ہے اور میں مسکین
سُبْحَانَكَ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَمَانُ الْاَمَانُ خَلِّصْنَا مِنَ النَّارِ
تو پاک ہے اے وہ ذات کہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے امن امن ہمیں جہنم سے خلاصی عطا فرما
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا ● خَلِّصْنَا ● وَاَجِرْنَا ● وَنَجِّنَا مِنَ النَّارِ
اے اللہ ہمارے رب ہمیں چھٹکارا دے اور ہمیں پناہ دے اور ہمیں نجات دے جہنم کی آگ سے
وَعَافِنَا وَاعْفُ عَنَّا وَاَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ دَارَ قُدْسِكَ مَعَ الْاَبْرَارِ ●
اور ہمیں عافیت دے اور ہمیں معاف فرما اور اپنے پاکیزہ گھر جنت میں نیک لوگوں کیساتھ ہمیں داخل فرما

بِعَفْوِكَ يَا مُجِيْرُ • بِفَضْلِكَ يَا غَفَّارُ • وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ

اپنے عفو سے اے پناہ دینے والے اپنے فضل سے اے معاف کرنے والے میں تجھ سے

هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الْكَرِيْمَةِ الشَّرِيْفَةِ وَالصِّفَاتِ الْجَلِيْلَةِ

ان عمدہ بہترین ناموں اور صفات جلیلہ لطیفہ کے توسط سے سوال کرتا ہوں کہ

اللَّطِيْفَةِ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ

تو ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور

وَصَحْبِهٖ بِعَدَدِ حَسَنَاتِ مُحَمَّدٍ بِسْمِ اللّٰهِ •

اصحاب پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نیکیوں کی تعداد (کے برابر) رحمت نازل فرما اللہ کے نام سے

حَسْبِيَ اللّٰهُ • لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ • شَهِدَ اللّٰهُ • قُلْ هُوَ اللّٰهُ

میرے لئے اللہ کافی ہے نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ شاہد ہے کہہ وہ اللہ ہے

مَاشَآءَ اللّٰهُ • رَبِّيَ اللّٰهُ • تَبَارَكَ اللّٰهُ • تَعَالَى اللّٰهُ •

جو اللہ چاہے میرا رب اللہ ہے اللہ بابرکت ہے اللہ بلند و بالا ہے

تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ ● فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ● وَهُوَ السَّمِيعُ
میں نے اللہ پر بھروسہ کیا آپ کے لیے ان سے اللہ کافی ہے وہ سننے والا
الْعَلِيمُ ● سُبْحَانَكَ يَالَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَمَانُ الْاَمَانُ ●
جاننے والا ہے تو پاک ہے اے وہ ذات کہ کوئی معبود نہیں سوائے تیرے امن امن
لَآ اُحْصِي ثَنَآءً عَلَيْكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ ●
میں تیری ایسی تعریف نہیں کر سکتا جو خود تو نے اپنی کی ہے
يَآ اَللّٰهُ ● يَا رَحْمٰنُ ● يَا رَحِيمُ ● يَا غَفُورُ ●
اے اللہ اے رحمٰن اے رحیم اے غفور
يَا شَكُورُ ● اَسْئَلُكَ بِمَآ اَحْصَيْتَهُ عَلَيْكَ مِنْ
اے شکور میں تجھ سے ان اسماء کی بدولت جو تو نے
اَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى وَصِفَاتِكَ الْعُلْيَا وَكَلِمَاتِكَ
اپنے لیے رکھے ہیں اور تیری صفات علیم اور کلمات تامہ کے توسط سے سوال کرتا ہوں

اَلتَّآمَّۃِ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِاَسَاتِذِیْ وَلِمَنْ
کہ تو میری میرے والدین کی میرے اساتذہ کی
اَحْسَنَ اِلَیَّ اِحْسَانًا دِیْنِیًّا اَوْدُنْیَوِیًّا وَلِمَنْ تَاَلَّفَ ھٰذِہِ
اور اس شخص کی جس نے مجھ پر دینی یا دنیوی احسان کیا ہے
الْاَسْمَآءَ الْجَلِیْلَۃَ الطَّیِّفَۃَ وَالصِّفَاتَ الْکَرِیْمَۃَ
اور اس شخص کی جس نے ان اسماء اور صفات مبارکہ
الشَّرِیْفَۃَ وَالْاَدْعِیَۃَ الْقُرْاٰنِیَّۃَ وَغَیْرَھَا مِنَ الْاَدْعِیَۃِ الْمَاْثُوْرَۃِ
اور ادعیہ مقبولہ قرآنیہ یا ماثورہ کو جمع کیا ہے
وَلِمَنْ سَعٰی فِیْ اِشَاعَتِھَا وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ
اور اس شخص کی جس نے انکی اشاعت کی سعی فرمائی ہے اورتمام مومنین
وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ
اور مومنات کی اور مسلمین اور مسلمات جو ان میں سے زندہ ہیں

مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ وَتَرْحَمَنَا رَحْمَةً تُغْنِيْنَا بِهَا

اور جوفوت ہو چکے ان سب کی مغفرت فرمائے۔اور تو ہم پر ایسی رحمت فرمائے کہ جسکے ذریعے

عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ مِنْ خَلْقِكَ وَاَنْ تَقْضِيَ

تو ہمیں اپنے ماسواء مخلوق کی رحمت سے مستغنی کردے اور یہ کہ تو ہماری تمام حاجات پوری

حَوَائِجَنَا وَتُعْطِيَنَا سُؤْلَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

فرمائے اور ہمیں ہمارا مسئول اخروی اور دنیوی عطاء فرمائے

وَتَخْتِمَ لَنَا بِالسَّعَادَةِ وَالشَّهَادَةِ وَالْكَرَامَةِ

اور تو ہمارا خاتمہ سعادت شہادت کرامت

وَالْبُشْرٰى عِنْدَ فِرَاقِ الدُّنْيَا وَتَجْزِيَ مُحَمَّدًا

اور دنیا سے رخصت کرتے وقت بشارت سے فرمائے اور ہماری طرف سے محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَمُسْتَحِقُّهٗ۔

صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا بدلہ عطا فرمائے جس کے وہ اہل اور مستحق ہیں

وَاَنْ لَاتَكِلْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّلَآ اِلٰٓى

اور یہ کہ ہمیں آنکھ جھپکنے کے برابر بھی ہمارے نفسوں کے یا اپنی مخلوق میں سے کسی کی طرف

اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ● وَتُصْلِحَ لَنَا شَاْنَنَا وَاَنْ تَحْرُسَنَا

سپرد نہ فرمائے۔اور ہمارے تمام احوال کی اصلاح فرمائے اوراپنی نہ سونے

بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَاتَنَامُ وَتَحْفَظَنَا بِرُكْنِكَ الَّذِيْ

والی آنکھ سے ہماری نگہبانی فرمائے اور اپنی طاقتور غیر عاجز قوت سے اے ذی الجلال

لَايُرَامُ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَاَنْ تَصْرِفَ

والاکرام ہماری حفاظت فرمائے اور یہ کہ تو پھیرلے

عَنَّا وَعَمَّنْ قَرَاَ هٰذِهِ الْاَسْمَآءَ اٰفَةَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

ہم سے اور جو ان اسماء کو پڑھے ان سے جن ،انس اور

وَالشَّيَاطِيْنِ ● وَزَلْزَلَةَ الْاَرْضِ وَدَكْدَكَةَ الْجِبَالِ

شیاطین کی آفت کو اور زمین کے زلزلے اور پہاڑ کے ریزہ ریزہ ہونے کو

مِنْ خَشْیَتِہٖ • وَاٰفَۃَ الطَّاعُوْنِ وَالْوَبَآءِ وَعَیْنَ

اپنی خشیت سے اور طاعون کی آفت، اورو باء اور بری آنکھ

السُّوْٓءِ وَوَجَعَ الْجَوَارِحِ وَسَآئِرَ الْاٰفَاتِ • وَتَحْفَظْنَا مِنْ

سے اور بدنی تکلیف اور تمام آفات کو اور یہ کہ تو ہماری حفاظت فرمائے

کُلِّ شَرٍّ وَّسُوْٓءٍ • وَتَرْزُقَنَا السَّلَامَۃَ وَالْعَافِیَۃَ

ہر شر اور برائی سے اور ہمیں سلامتی عافیت

وَالْخَیْرَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ

دنیا و آخرت کی بھلائی نصیب فرمائے اپنی رحمت سے اے ارحم

الرَّاحِمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

الراحمین اے اللہ سیدنا محمد اور ان کی آل اوراصحاب

اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖٓ اَجْمَعِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

پر رحمت فرما اور صرف رب العالمین کے لئے حمد وثناء ہے

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿٢٠١﴾ رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا

بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے ڈال دے ہم پر

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

صبر اور جما ہمارے قدم اور غالب کر ہم کو کافر

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٥٠﴾ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ

لوگوں پر۔ اے رب ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا

یا چوک جائیں ، اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہم پر بوجھ بھاری

كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا

جیسا کہ رکھا تھا ہم سے پہلے لوگوں پر ، اے رب ہمارے

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ
اور نہ اٹھوا ہم سے وہ چیز جس کی طاقت ہم کو نہیں ، اور درگزر کر
عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا
ہم سے ، اور بخش دے ہمیں ، اور رحم کر ہم پر ، تو ہی ہمارا مالک ہے
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ع
تو غالب کر ہم کو کافر لوگوں پر
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ
اے رب ہمارے نہ پھیر ہمارے دل کو بعد ہدایت کرنے کے اور
هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت، کہ بیشک تو ہی
الْوَهَّابُ ﴿۸﴾ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا
دینے والا ہے ۔ اے رب ہمارے ہم ایمان لائے ہیں پس بخش دے

ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٦﴾ رَبَّنَا مَا

ہمارے گناہ اوربچا ہم کودوزخ کے عذاب سے۔ اے رب ہمارے

خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ

تو نے یہ عبث نہیں پیدا کیا ، تو پاک ہے پس بچا ہمیں دوزخ کے

النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ

عذاب سے ۔ اے رب ہمارے تو جسے دوزخ میں ڈالے تو تو نے ضرور

اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ رَبَّنَآ

اسے رسوا کر دیا ۔ اور سیاہ کاروں کا کوئی ساتھی نہیں ۔ اے رب ہمارے

اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ

ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کے لئے پکارتے ہو ئے سنا

اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

کہ اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سوہم ایمان لے آئے ۔اے رب ہمارے اب ہمارے گناہ

ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ

بخش دے اور ہماری بُرائیوں کو اتار دے اور ہمارا نیکوں کے ساتھ

الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ

خاتمہ کر۔ اے رب ہمارے اور دے ہمیں جو اپنے رسولوں کی معرفت تو نے ہم سے وعدہ کیا

وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾ آل عمران ۲۰

اور ہمیں قیامت کے دن رسوا نہ کر۔ کہ تو وعدہ کو خلاف نہیں کرتا ۔

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ٚ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا

اے رب ہمارے ہم نے اپنی جانوں پر زیادتی کی، اوراگر تو ہمیں نہ بخشے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا

لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ الاعراف رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا

تو ہم نامرادوں میں سے ہو جائیں گے ۔ اے رب ہمارے ہم پر صبر ڈال دے

وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ الاعراف اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

اور مسلمان کر کے موت دے۔ تو ہی ہے ہمارا مدد گار پس بخش دے ہم کو

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا

اور رحم کر ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے۔ اے رب ہمارے نہ کیجیو ہمیں

فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۵﴾ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ

ستم سہنے والا ظالم لوگوں کا۔ اور چھوڑا لے ہمیں اپنی رحمت سے

مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ

کافر لوگوں سے۔ اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور

الْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

زمین کے، تو ہی ہے رفیق میرا دُنیا اور آخرت میں،

تَوَفَّنِىْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِىْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

اُٹھانا مجھ کو مسلمان اور شامل کرنا مجھے نیکوں کے ساتھ۔

رَبِّ اجْعَلْنِىْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ

اے رب میرے کر دے مجھے نماز درست رکھنے والا اور میری نسل کو بھی،

رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ

اے رب ہمارے اور میری دُعا قبول کر۔ اے رب ہمارے بخشا مجھ کو

وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ

اور میرے ماں باپ کو اور تمام مؤمنین کو جس دن

الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾

حساب قائم ہو۔ اے رب رحم کر میرے والدین پر جیسا اُنہوں نے مجھ چھوٹے کو پالا۔

رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ

اے رب میرے اندر لے جا مجھے لے جانا صاف اور نکال مجھے

مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا

نکالنا صاف اور تجویز کر میرے لئے اپنے پاس سے ایک قوت

نَّصِيْرًا ﴿۸۰﴾ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً

مدد دینے والی۔ اے رب ہمارے دے ہمیں اپنے پاس سے ایک رحمت

وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠ رَبِّ اشْرَحْ

اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستی کا ۔ اے رب میرے کھول دے

لِيْ صَدْرِيْ ۝٢٥ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۝٢٦ وَاحْلُلْ عُقْدَةً

سینہ میرا ۔ اور آسان کر مجھ پر میرا کام ۔ اور کھول دے گرہ

مِّنْ لِّسَانِيْ ۝٢٧ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝٢٨ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝١١٤

میری زبان سے ۔ کہ میری بات کو لوگ سمجھ لیں ۔ اے رب میرے بڑھا مجھے علم میں ۔

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝٨٣

مجھے لگ گئی ہے بیماری اور تو سب سے بڑا مہربان ہے ۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ

اے رب میرے نہ چھوڑ مجھے اکیلا اور تو سب سے اچھا

الْوٰرِثِيْنَ ۝٨٩ رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا

وارث ہے ۔ اے رب اُتار مجھے مبارک جگہ میں

وَّ اَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿٢٩﴾ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ

اور تو سب سے بہتر اُتارنے والا ہے۔ اے رب میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَ اَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ

شیطانوں کی چھیڑ سے۔ اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے رب اس سے کہ

يَّحْضُرُوْنِ ﴿٩٨﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا

وہ میرے پاس آئیں۔ اے رب ہم ایمان لائے تو بخش دے ہمیں اور رحم کر ہم پر

وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ رَبَّنَا اصْرِفْ

اور تو سب مہربانوں سے بہتر ہے۔ اے رب ہمارے ٹال دے

عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾

ہم سے دوزخ کا عذاب، کہ اُس کا عذاب گلو گیر ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ

اے رب ہمارے دے ہماری بیبیوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں

اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾ رَبِّ

کی ٹھنڈک اور کر دے ہمیں پرہیز گاروں کا مقتدا۔ اے رب

اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ

مجھے نصیب کر کہ شکر کروں تیرے احسان کا جو تو نے کیا مجھ پر

وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ

اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ کروں نیک کام جو تو پسند کرے اور

اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹﴾ النمل

داخل کر دے مجھے اپنی رحمت سے نیک بندوں میں۔

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿۲۴﴾ القصص

اے رب میں اُس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے محتاج ہوں۔

رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ العنکبوت

اے رب غالب کر مجھے مفسد لوگوں پر۔

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ

اے رب ہمارے محیط ہوا ہے ہر چیز کو تیرا رحم اور علم تو بخش دے

لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ

ان لوگوں کو جنہوں نے توبہ کی اور تیری راہ پر چلے اور بچا انہیں دوزخ کے

الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِ الَّتِيْ

عذاب سے۔ اے رب ہمارے اور داخل کرا نہیں ہمیشہ رہنے کی جنتوں میں جن کا

وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ

تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جو کوئی نیک ہو اُن کے آباؤ اجداد اور ان کی بیبیوں اور

وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۸

ان کی اولاد میں سے کیونکہ تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔

وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَئِذٍ

اور بچا اُن کو خرابیوں سے اور جس کو تو خرابیوں سے اُس دن بچا لے

فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٩

تو اس پر تو نے رحم کیا ، اور یہی تو ہے بڑی کامیابی

وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ

اور صلاحیت دے میری اولاد میں میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں

مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝١٥ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝١٠

فرمانبرداروں میں سے ہوں ۔ میں ہارا ہوا ہوں پس تو میرا بدلہ لے لے ۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ

اے رب ہمارے بخش دے ہمیں اور ہمارے اُن بھائیوں کو جو ہم سے آگے پہنچے ایمان میں

وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ

اور نہ کر ہمارے دلوں میں کدورت ایمان والوں کے ساتھ اے رب ہمارے

اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝١٠ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا

تو بہت مہربان رحم والا ہے ۔ اے رب ہمارے تجھی پر ہم نے بھروسہ کیا

وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٤﴾ رَبَّنَا لَا

اور تیری ہی طرف ہم رجوع ہوئے اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اے رب ہمارے نہ

تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ

کر ہمیں کشمکش کافرلوگوں کا اور بخش دے ہمیں اے رب ہمارے

اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٥﴾ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا

کیونکہ تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔ اے رب ہمارے کامل کر دے ہمارے لئے

نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٨﴾

ہمارا نور اور بخش دے ہمیں کیونکہ تو ہر چیز پر قادر ہے۔

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ

اے رب بخش دے مجھے اور میرے ماں باپ کو اور جو کوئی میرے گھر میں

بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۭ

ایمان دار ہو کر آئے اور تمام ایماندار مردوں اور عورتوں کو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ خَلَّاقٌ عَظِيْمٌ اِنَّكَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ
یا اللہ تو خلاق عظیم ہے تو سنتا جانتا ہے
اِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ اِنَّكَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ
تو غفور رحیم ہے تو مالک ہے عرش عظیم کا
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ الْبَرُّ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ اغْفِرْلِيْ
یا اللہ تو محسن ہے صاحب جود صاحب کرم ہے بخش دے مجھے
وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاسْتُرْنِيْ
اور رحم کر مجھ پر اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے اور پردہ پوشی کر میری
وَاجْبُرْنِيْ وَارْفَعْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَلَا تُضِلَّنِيْ
اور جبر نقصان کہ میرا اور رفعت دے مجھے اور ہدایت دے مجھے اور گمراہ نہ کر مجھے
وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ
اور داخل کر مجھے جنت میں اپنی رحمت سے اے ارحم الراحمین

اِلَيْكَ رَبِّ فَحَبِّبْنِيْ وَفِيْ نَفْسِيْ لَكَ فَذَلِّلْنِيْ

اے رب اپنا بنا لے مجھے اور میرے دل میں اپنے مقابلہ میں فرمانبرداری ڈال دے

وَفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِيْ وَمِنْ سَيِّئِ

اور لوگوں کی نظر میں عظمت دے مجھے اور برے

الْاَخْلَاقِ فَجَنِّبْنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ سَاَلْتَنَا مِنْ

اخلاق سے بچا دے مجھے یا اللہ فرمائش کی ہے تو نے ہماری

اَنْفُسِنَا مَا لَا نَمْلِكُهٗ اِلَّا بِكَ فَاَعْطِنَا مِنْهَا

ذات سے اُن اعمال کی کہ ہم اُس پر اختیار نہیں رکھتے بدوں تیری توفیق کے تو دے دے ہمیں ان میں سے

کنز العمال عن ابن مسعودؓ وابی ہریرہؓ

مَا يُرْضِيْكَ عَنَّا، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ اِيْمَانًا

اس عمل کی توفیق کہ راضی کر دے تجھے ہم سے یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے ایمان

دَائِمًا وَّاَسْاَلُكَ قَلْبًا خَاشِعًا وَّاَسْاَلُكَ يَقِيْنًا

ہمیشہ رہنے والا اور مانگتا ہوں تجھ سے دل خشوع کرنے والا اور مانگتا ہوں تجھ سے یقین

صَادِقًا وَّ اَسْأَلُكَ دِيْنًا قَيِّمًا وَّ اَسْأَلُكَ

سچا اور مانگتا ہوں تجھ سے دین راست اور مانگتا ہوں تجھ سے

الْعَافِيَةَ مِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّ اَسْأَلُكَ دَوَامَ

امن ہر بلا سے اور مانگتا ہوں تجھ سے ہمیشہ رہنا

الْعَافِيَةِ وَ اَسْأَلُكَ الشُّكْرَ عَلَى الْعَافِيَةِ وَ

امن کا اور مانگتا ہوں تجھ سے شکر امن پر اور

کنز العمال عن علیؓ و ابن عمرؓ

اَسْأَلُكَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ ۞ اَللّٰهُمَّ

مانگتا ہوں تجھ سے بے پرواہی لوگوں سے یا اللہ

اِنِّيْ اَسْأَلُكَ ثَوَابَ الشَّاكِرِيْنَ وَنُزُلَ الْمُقَرَّبِيْنَ

میں مانگتا ہوں تجھ سے ثواب شکر والوں کا سا اور مہمانی مقربین کی سی

وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّيْنَ وَيَقِيْنَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَذِلَّةَ

اور ہمراہی انبیاء علیہم السلام کی اور یقین صدیقوں کا سا اور تواضع

الْمُتَّقِيْنَ وَاِخْبَاتَ الْمُوْقِنِيْنَ حَتّٰى تَوَفَّانِيْ

متقین کی سی اور خشوع یقین والوں کا سا یہاں تک کہ وفات دے تو مجھے

الحزب الاعظم للقاری

عَلٰى ذٰلِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ

اس حال، پر اے ارحم الراحمین　یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے

کنز العمال عن ابن مسعودؓ

اِيْمَانًا دَائِمًا وَّهُدًى قَيِّمًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا ۞ اَللّٰهُمَّ

ایمان ہمیشہ رہنے والا اور ہدایت محکم اور علم نافع　یا اللہ

لَا تَجْعَلْ لِّفَاجِرٍ عِنْدِيْ نِعْمَةً اُكَافِئُهُ بِهَا

نہ کر کسی بدکار کا مجھ پر کوئی احسان کہ مکافات کرنی پڑے مجھ کو اس کی

کنز العمال عن معاذؓ

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ

دنیا اور آخرت میں　یا اللہ بخش دے میرے گناہ

وَوَسِّعْ لِيْ خُلُقِيْ وَطَيِّبْ لِيْ كَسْبِيْ وَقَنِّعْنِيْ

اور وسیع کر دے میرا خلق اور حلال کر دے میرا کسب اور قناعت دے مجھے

بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِیْ اِلٰی شَیْءٍ

اُس چیز پر جو تو نے مجھے دی اور نہ لے جا طلب میری کسی ایسی چیز کی طرف

صَرَّفْتَهٗ عَنِّیْ ؞ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْتَجِیْرُكَ مِنْ

کنز العمال عن علیؓ

جس کو تو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو یا اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں

جَمِیْعِ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْتَ وَاَحْتَرِسُ بِكَ مِنْهُنَّ

تمام ان چیزوں سے جو تو نے پیدا کیں اور تیری حفاظت میں آتا ہوں اُن سے

وَاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ وَلِیْجَةً وَّاجْعَلْ لِّیْ عِنْدَكَ

اور کر میرے لئے اپنے یہاں دخل اور کر میرے لئے اپنے یہاں

زُلْفٰی وَحُسْنَ مَاٰبٍ وَّاجْعَلْنِیْ مِمَّنْ یَّخَافُ

قرب اور رجوع نیک اور کر مجھے ان لوگوں میں سے کہ ڈرتے ہیں

مَقَامَكَ وَوَعِیْدَكَ وَیَرْجُوْ لِقَآئَكَ وَ

تیرے سامنے کھڑے ہونے سے اور تیرے وعید سے اور تمنا رکھتے ہیں تیرے وصال کی اور

اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ يَّتُوْبُ اِلَيْكَ تَوْبَةً نَّصُوْحًا

کر دے مجھے ان لوگوں میں سے کہ توبہ کرتے ہیں تیری طرف توبہ خالص

وَّ اَسْأَلُكَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَّعِلْمًا نَّجِيْحًا وَّ

اور مانگتا ہوں میں تجھ سے عمل متقبول اور کارآمد

کنزالعمال عن انس و ابی ہریرۃ

سَعْيًا مَّشْكُوْرًا وَّتِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۞

اور سعی مشکورا اور تجارت جس میں گھاٹا نہ ہو

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْأَلُكَ فِكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ

یا اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے اپنی جان بخشی دوزخ سے

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ

یا اللہ مدد کر میری موت کی بے ہوشیوں اور موت کی

کتاب الاذکار للنووی عن عائشہ۔ کنزالعمال عن عائشہ

الْمَوْتِ ۞ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ

سختیوں پر یا اللہ بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور شامل کر مجھے

کنز العمال عن عائشہؓ

بِالرَّفِيقِ الْاَعْلٰى ۞ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اعلیٰ رفیقوں میں　　یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اس سے

اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ

کہ تیرے ساتھ کچھ بھی شریک کروں اور اس کو میں جانتا ہوں اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے

لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَعُوْذُ بِكَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلَيَّ رَحِمٌ

اُس کی کہ میں اُسے نہ جانتا ہوں اور پناہ چاہتا ہوں تیری کہ بددعا دے مجھے کوئی رشتہ دار جس

قَطَعْتُهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ

سے میں نے قطع رحم کیا ہو　　یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری اُس حیوان کی برائی سے کہ

عَلٰى بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَ

پیٹ کے بل چلتا ہے اور اس حیوان کی بُرائی سے کہ دو پیروں سے چلتا ہے اور

مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى اَرْبَعٍ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ

اس حیوان کی برائی سے کہ چار پیروں سے چلتا ہے　　یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ اِمْرَأَةٍ تُشَيِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَاَعُوْذُبِكَ

ایسی عورت سے کہ مجھے بوڑھا کر دے بوڑھاپے سے پہلے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنْ وَّلَدٍ يَّكُوْنُ عَلَیَّ وَبَالًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّالٍ

ایسی اولاد سے کہ ہو مجھ پر وبال اور پناہ چاہتا ہوں تیری ایسے مال سے

يَّكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ

کہ ہو مجھ پر عذاب یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنَ الشَّكِّ فِی الْحَقِّ بَعْدَ الْيَقِيْنِ وَاَعُوْذُبِكَ

شک لانے سے حق بات میں بعد یقین کے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

شیطان مردود سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری

شَرِّ يَوْمِ الدِّيْنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَّوْتِ

سختی روز جزا سے یا اللہ میں پناہ چاہتا ہوں تیری ناگہانی

الْفُجَاءَةِ وَمِنْ لَدْغِ الْحَيَّةِ وَمِنَ السَّبُعِ وَمِنَ

موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندے سے اور

الْغَرَقِ وَمِنَ الْحَرَقِ وَمِنْ اَنْ اَخِرَّ عَلٰى شَیْءٍ

ڈوبنے سے اور جل جانے سے اور اس سے کہ گر پڑوں کسی چیز پر

وَمِنَ الْقَتْلِ عِنْدَ فِرَارِ الزَّحْفِ ۞ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی عن ابی بکرؓ

اور مارے جانے سے لشکر کے بھاگنے کے وقت

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ هٰذِهِ الدَّعْوَاتِ فِیْ حَقِّ مَنْ سَعٰى

اے اللہ تعالیٰ ان دعاؤں کو قبول فرما اس کے حق میں جس نے

فِیْ اِشَاعَتِهَا وَجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

ان کی اشاعت میں کوشش کی اور جملہ ایمان والوں اور ایمان والیوں کے حق میں

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَیِّدِ الْكَائِنَاتِ وَاَكْرَمِ

اور حق تعالیٰ رحمت کاملہ نازل فرمائے سرور کائنات اور بہترین

الْمَخْلُوقَاتِ صَلٰوةً تَسْبِقُ الْغَايَاتِ۔
مخلوقات پر، ایسی رحمت کہ جس کی کوئی حد و نہایت نہ ہو۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ
اے اللہ تمام جہاں کے سردار اپنے حبیب
مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ ○ صَلَاةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ ○
محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جو آپ کے شایان شان ہو
وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ ○
اور ایسی ہی برکت اور سلامتی بھی نازل فرما
رَبِّ صَلِّ عَلٰى نَبِيِّيْ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ اَجَلَّهَا ○
اے میرے رب میرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر عظیم ترین رحمت نازل فرما
وَاقْضِ لِيْ بِجَاهِهٖ حَوَائِجِيْ كُلَّهَا ○ وَ
اور انکی بدولت میری تمام حاجات پوری فرما

صَلِّ عَلَيْهِ كَمَا أَنْتَ أَهْلُهَا ○ وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ

اور ان پر ایسی رحمت نازل فرما جو آپ کے شایان شان ہو اور سلامتی نازل فرما اور

وَكَرِّمْ دَائِمًا ○

ہمیشہ فضل و کرم کا معاملہ فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

اے اللہ امی نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم

الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِهٖ وَسَلِّمْ ○

پر اور ان کی آل پر نزول رحمت فرما اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ أَوَّلِ

اے اللہ ہماری بات کے شروع میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پرنزول

كَلَامِنَا ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

رحمت فرما اے اللہ ہماری بات کے درمیان میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ　فِیْ أَوْسَطِ کَلَامِنَا ○
اے اللہ ہماری بات کے آخر میں نزول رحمت فرما
عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْ آخِرِ کَلَامِنَا ○
محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نزول رحمت فرما

سخت بیماریوں اور مصائب کا یقینی علاج

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝ مقاصد میں کامیابی اور مشکلات سے خلاصی کا یقینی علاج ہے۔

اکثر لوگ بہت سی مصیبتوں و پریشانیوں میں مبتلا ہیں مثلاً (1) سکون نہ ہونا، پریشان رہنا۔ (2) بلڈ پریشر، دل کی بیماریاں اور بہت سے دوسرے امراض میں مبتلا ہونا۔ (3) رزق کی تنگی ہونا۔ (4) کاروبار میں مشکلات اور مصائب کا پیش آنا۔ (5) نکاح نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہونا (مرد ہو یا عورت)۔ (6) قرض کی وجہ سے پریشان ہونا (اس پر ہو یا اس کا دوسروں پر)۔ (7) کاروبار یا پڑھائی میں دل نہ لگنا۔ (8) غصہ کا غلبہ ہونا۔ (9) ماں باپ، بھائی، عزیز و اقارب وغیرہ سے نفرت ہونا۔ (10) گناہوں سے نفرت نہ ہونا۔ (11) دین کی طرف رغبت نہ ہونا۔ (12) جادو یا نظر بد کا اندیشہ ہونا۔ (13) غلط ماحول سے پریشان ہونا۔ (14) دین میں سکون و نورانیت نہ ہونا۔ (15) شیطانی وساوس اور غیر مفید خیالات زندگی سے اتنا بیزار ہونا کہ خودکشی کی طرف طبیعت مائل ہونا......وغیرہ وغیرہ۔ اس کا اکسیر اور مجرب علاج یہ ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝

تفسیر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم: ”نہیں ہے طاقت گناہوں سے بچنے کی لیکن اللہ کی حفاظت سے اور نہیں ہے قوت اللہ کی طاعت کی مگر اللہ کی مدد سے“

(1) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝ ننانوے آفات کیلئے علاج ہے۔ جس میں سب سے چھوٹی آفت پریشانی ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ 202)۔

(2) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بندہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝ پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے جواب میں فرماتا ہے کہ وہ تابعدار بن گیا اور اپنا کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔ (مشکوٰۃ شریف صفحہ 202)

(3) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے (مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر 201)۔ گناہ سے پرہیز اور عبادت کرنا جنت کے خزانوں میں سے ہے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۝ کے بکثرت پڑھنے سے گناہوں سے بچنے اور عبادت کرنے کی توفیق مل جاتی ہے۔

(4) حضرت عوف ابن مالک اشجعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی

خدمت میں عرض کیا کہ میں دو مصیبتوں میں مبتلا ہوں، ایک میرا لڑکا کفار نے اغوا کیا ہے اور دوسرا رزق کی بہت زیادہ تنگی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو وصیتیں فرمائیں۔ ایک تقویٰ اختیار کرو۔ دوسرا لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۰ کثرت سے (500 مرتبہ) پڑھا کرو۔ انہوں نے دونوں کام شروع کئے۔ وہ اپنے گھر ہی میں تھے کہ ان کا لڑکا واپس آ گیا اور اپنے ساتھ سو اونٹ بھی لے کر آیا۔ اس طرح تقویٰ اختیار کرنے اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۰ کثرت کے ساتھ پڑھنے سے یہ دونوں مصیبتیں ختم ہوگئیں۔ (معارف القرآن صفحہ 488 جلد 8)

بندہ ناچیز کا مشورہ یہ ہے کہ زبان پر دنیا کا بہت ذکر کیا اور دنیا کے کاموں کو وقت بہت دیا ہے اور خواہشات میں اپنے آپ کو بوڑھا کر لیا۔ آج لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ۰ پڑھنے کے لئے 41 دن تک 24 گھنٹوں میں سے 20،30 منٹ فارغ کر لیں پھر آپ کو احساس ہوگا کہ کاش میں اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غفلت نہ کرتا۔ میں دنیا کے کاموں کو کام سمجھتا تھا مگر ذکر الٰہی کو کام نہیں سمجھتا تھا۔ میں دنیا کے کاموں کیلئے وقت نکالتا تھا ذکر کے لئے وقت نہیں نکالتا تھا۔ 41 دن کے بعد آپ ذاکر بن جاؤ گے انشاء اللہ۔ اللہ تعالیٰ نے کسی عمل کے بارے میں کثرت سے کرنے کا حکم نہیں دیا لیکن ذکر کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰہَ

ذِكْرًا كَثِيْرًا (الاحزاب: آیت 41) یعنی اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔ تھوڑا ذکر کرنا منافق کی علامت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا لَا یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ اِلَّا قَلِیْلًا (النسآء: آیت 142) یعنی منافقین ذکر کم کرتے ہیں۔ موت آنے سے پہلے اس بارے میں سوچنے میں اپنا ہی فائدہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ذکر کثیر کی توفیق نصیب کرے۔

پڑھنے کا طریقہ: لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ؕ روزانہ 500 مرتبہ پڑھیں اور اس کے اول 100 مرتبہ اور آخر 100 مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اگر مشکل ہو تو درود شریف اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ بھی کافی ہے۔ درود شریف جو بھی یاد ہو پڑھ لیں یا یہ درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ ؕ پڑھ لیں۔ یہ عمل 41 دن بلا ناغہ کرنا ہے۔ اگر کسی دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن ڈبل پڑھے۔ ایک نشست میں زیادہ بہتر ہے مگر ضروری نہیں۔ وضو بھی ضروری نہیں۔ عورت ماہواری کے ایام میں بھی پڑھ سکتی ہے۔ اس کے بعد اس کلام کی برکت سے اپنی حاجات کیلئے دعا کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ 41 دن پورے ہونے پر اگر اس کے پڑھنے سے بہت زیادہ سکون ملا، دین میں ترقی محسوس ہوئی گھر میں اتفاق و محبت پیدا ہوئی، غصہ وغیرہ کم ہو گیا، کاروباری حالات میں ترقی محسوس ہوئی اور مخالفین کے بارے میں پتہ چلا کہ وہ بھی پیچھے ہو گئے ہیں تو

اپنے شرعی پیر سے اجازت لے کر اسے مستقل پڑھے۔ آپ اسے باآسانی 15 سے 30 منٹ میں پڑھ سکتے ہیں۔ اگر اپنا مرشد نہ ہو تو شیخ المشائخ امامِ وقت خواجہ خواجگان حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کندیاں شریف والے کے خلیفہ (حضرت مولانا) محب اللہ عفی عنہ لورالائی بلوچستان والے سے موبائل نمبر 0333-3807299 , 0302-3807299 یا فون نمبر 0824-411082 پر اجازت کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

خانقاہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ نزد کمشنری لورالائی بلوچستان پاکستان کا تعارف

حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ العالی کی تاریخ پیدائش 14 جولائی 1953ء بمطابق 3 ذیقعدہ 1372 ہجری ہے۔ آپ کی جائے پیدائش نانا صاحب کے گھر ضلع ژوب ہے۔ آپ کے والد ماجد کا نام حضرت ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ اور قوم کبزئی ہے۔ آپکے والد ماجد نے تقریباً پندرہ سال افغانستان میں تحصیل علم کیلئے بڑی مشقت کی زندگی گذاری اور ساتھ ساتھ تزکیہ نفس کے لئے مجاہدات، ریاضات میں لگے رہے اور

پیر طریقت عالم باعمل حضرت مُلا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت ملی۔
آپکے والد ماجد اپنے علاقے میں صبر، توکل، اعتماد علی اللہ میں ضرب المثل تھے۔
حضرت ملانواب رحمۃ اللہ علیہ کے پانچ بیٹوں اور دو بیٹیوں میں حضرت مولانا محب اللہ
صاحب مدظلہ سب سے بڑے ہیں۔

علم ظاہری: حضرت مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ نے ابتدائی تعلیم مرغہ کبزئی ضلع
ژوب میں اپنے نانا جان حضرت ملا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ کے مدرسہ فیض
العلوم میں حاصل کی۔ موقوف علیہ تک تمام کتابیں اسی مدرسہ میں پڑھیں۔ آپ کے
اساتذہ کرام میں مولانا محمد دین موسیٰ خیلی رحمۃ اللہ علیہ فاضل دار العلوم دیوبند، شیخ
الحدیث مولانا اللہ داد کاکڑ صاحب، مولانا محمد ہاشم رحمۃ اللہ علیہ، مولانا سید محمد رحمۃ اللہ
علیہ اور مولانا شاہ میران رحمۃ اللہ علیہ جیسی نامور اور قابل قدر شخصیات شامل ہیں۔ دور
ہ حدیث شریف مدرسہ تنویر القرآن ژوب میں مولانا اللہ داد کاکڑ صاحب اور مولانا
جان محمد صاحب سے مکمل کیا۔ حضرت مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ تعلیم مکمل کرنے
کے بعد مدرسہ فیض العلوم مرغہ کبزئی، مدرسہ دار العلوم اسلامیہ لورالائی اور مدرسہ مفتاح
العلوم قاسمیہ میں پڑھاتے رہے۔ پھر نزد کمشنری لورالائی میں اپنا مدرسہ قائم کرلیا۔

علم باطنی: مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ نے اپنے نانا جان حضرت ملا عبدالخلاق

اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ سے سلسلہ قادریہ میں بیعت کی۔حضرت ملا عبدالخلاق اخندزادہ رحمۃ اللہ علیہ کو قادریہ اور نقشبندیہ دونوں سلاسل میں خلافت ملی ہوئی تھی اور پاکستان کے علاوہ افغانستان میں بھی انکے مرید تھے۔انکے انتقال کے بعد مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ نے اپنے والد صاحب ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ سے سلوک کا سلسلہ جاری رکھا۔بقول مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ کے "والد صاحب مجھے بار بار اپنے سامنے بٹھاتے تھے اور تیز توجہات سے نوازتے تھے۔انکا کہنا ہے کہ ایک دن میں والد صاحب کے سامنے بیٹھا ہوا تھا کہ انھوں نے تیز توجہ ڈالنا شروع کی ایسا محسوس ہوتا تھا کہ یہ دنیا کا منظر نہیں بلکہ آخرت کا منظر ہے"۔1988ء میں حضرت ملا نواب رحمۃ اللہ علیہ فوت ہوئے۔مولانا مدظلہ فرماتے ہیں کہ والد صاحب کی وفات کے بعد میں سوچتا تھا کہ جب مرشد فوت ہو جائے تو دوسرے مرشد کی ضرورت نہیں مگر کتاب میں دیکھا کہ مرشد کی وفات کے بعد زندہ مرشد سے تعلق بنانا ضروری ہے۔اسی غرض سے میں نے مختلف مقامات کا سفر کیا۔اس دوران کسی نے مجھے حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ کا بتایا۔میں نے استخارہ شروع کیا۔اس کے بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت خواجہ خان محمد رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ پر توجہ کی۔توجہ کے انوارات اتنے زیادہ تھے کہ میری برداشت سے باہر ہو گئے اور میں ایک دم نیند سے بیدار ہوا تو میں نے سوچا

کہ وہاں سے حضرت خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی توجہ اتنی طاقتور ہے تو وہاں جا کر کیا عالم ہوگا۔ غرضیکہ بیعت کی نیت سے حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور حضرت نے مجھے سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت فرمایا۔ مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ 22 سال حضرت خواجہ خان محمد صاحب کی خدمت میں رہے۔ اسی دوران 1995ء کے ماہ رمضان میں حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ کو خلافت سے نوازا۔

حضرت خواجہ خان محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی حیات مبارکہ میں مولانا محب اللہ صاحب مدظلہ بیعت نہ فرماتے تھے اور مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ کی شب و روز خدمت میں لگے رہتے۔ حضرت خواجہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی وفات کے کچھ عرصہ بعد تک بھی مولانا نے بیعت نہ فرمائی، پھر بیعت فرمانا شروع کردی اور ساتھ ہی ساتھ مریدین کے تزکیہ نفس کے واسطے نزد کمشنری لورالائی میں ''خانقاہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ'' کی بنیاد رکھی جو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آنے والے مریدین کیلئے نعمت عظمیٰ ہے۔ خانقاہ میں ذکر اللہ اور مراقبات کی ترتیب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چل رہی ہے۔ نیز آنے والے مریدین کے کھانے اور رہائش کا انتظام بھی ہے۔ اللہ تعالیٰ توفیق آسانی اور قبولیت نصیب فرمائے (آمین)۔

خانقاہ ومدرسہ سراجیہ سعدیہ نقشبندیہ کی ویب سائٹ کا تعارف

حضرت مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ کی ویب سائٹ کا نام WWW.MUHIBULLAH.COM ہے۔اس ویب سائٹ پر حضرت مولانا محبّ اللہ صاحب مدظلہ کے مضامین اور بیانات ہیں۔سخت بیماریوں اور مصائب کا یقینی علاج نہایت مفید اور عوام میں بے حد مقبول ہے۔دس اعمال، دس تاثرات، دس مضامین پر مشتمل اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کا طریقہ، فتنہ مماتی، فتنہ این جی اوز جیسے معلوماتی مضامین سے لوگ پوری دنیا میں استفادہ کر رہے ہیں۔اس سائٹ پر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کی بیسیوں کتب دستیاب ہیں۔مکتوبات مجددیہ اور مکتوبات معصومیہ اردو اور فارسی میں دستیاب ہیں۔ذکر اللہ پر خوبصورت مضامین، آپکے مسائل اور انکا حل، عملیات اور وظائف سے ہر خاص و عام استفادہ کر سکتا ہے۔اس سائٹ پر حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا عبدالغفور صاحب مدظلہ العالی کے سینکڑوں اصلاحی بیانات سنے جا سکتے ہیں۔عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ اور ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے موضوع پر مختلف مصنفین کی 200 کتابیں، 200 رسالے، 200 مضامین اور بڑے حضرات کے سینکڑوں

بیانات شامل کیئے گئے ہیں۔مجاہدین ختم نبوت کے تذکرے،فتنہ قادیانیت پر تبصرے اور فتنوں کے متعلق بیش بہا معلومات اس سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔انٹرنیٹ سے منسلک لوگوں سے درخواست ہے کہ خود بھی استفادہ کریں اور اپنے دوست احباب کو بھی استفادہ کی دعوت دیں۔اللہ پاک توفیق عطا فرما کر قبولیت اور رضامندی نصیب فرمائیں۔آمین

مدرسہ عربیہ سراجیہ سعدیہ کا تعارف

یہ قبہ والی مسجد اور مدرسہ سراجیہ سعدیہ پکی اینٹوں سے تیار ہوا ہے۔مسجد کے نیچے دس زیرزمین کمرے اور ایک بڑا ہال ہے جس میں 100 طلباء رہائش کرسکتے ہیں۔ تعمیرات کا کام جاری ہے۔مدرسہ میں شعبہ حفظ،شعبہ کتب اور شعبہ بنات ہے جس میں چارسو کے قریب طلباء وطالبات زیرتعلیم ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمہاری زکوۃ، خیرات اور صدقات وغیرہ کا محتاج نہیں ہے بلکہ تم مدارس اور غریبوں کو زکوۃ،صدقات دینے میں محتاج ہو جیسے کہ تم اپنے خالق کو راضی کرنے کے لئے اور اپنی آخرت بنانے کے لئے نماز، روزہ، حج وغیرہ کے محتاج ہو۔مدارس کی خدمت دین کی حفاظت، رضائے الٰہی اور نجات کا ذریعہ ہے۔دین کی حفاظت کے

لئے جان، مال، وقت اور ضرورت پڑنے پر سر دینا بھی ضروری ہے۔اسی وجہ سے بندہ ناچیز محب اللہ عفی عنہ مدرسہ کی خدمت کرتا ہے اور آپ کو تعاون کی ترغیب دیتا ہے۔ اگر آپ تعاون نہ کریں تب بھی مدرسہ کے انتظامات تو اللہ پاک چلادیں گے، مگر آپ کا فائدہ ہے کہ آپ اس کام میں حصہ لیں کیونکہ حدیث شریف میں ہے کہ عالم بن یا طالب علم بن یا ان کا خادم بن چوتھا نہ بن ہلاک ہو جائیگا۔لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ ماہانہ ،سالانہ مقرر کرکے یا بغیر مقرر کیئے زکوٰۃ،صدقات اکاؤنٹ نمبر 1891-69 بنام محب اللہ،حبیب بنک لمیٹڈ لورالائی برانچ کوڈ 1456 یا مدرسہ کے پتہ پر منی آرڈر کروائیں یا دوسروں کو ترغیب دیں۔آپ کی رقم کے خرچ کی تفصیل بھی بتائی جاسکتی ہے نیز مدرسہ سرکاری امداد نہیں لیتا۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے دربار میں قبول فرمائے اور اجر عظیم نصیب فرمائے۔(آمین)